بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

توجہ دلاؤ نوٹس

منجانب: جناب ثناءاللہ بلوچ، رکن اسمبلی۔

عنوان: بلدیاتی اداروں میں عارضی بنیادوں پر تعینات ملازمین کو تنخواہوں کا ادا نہ کیا جانا

کیا وزیر **بلدیات** ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ بلدیاتی اداروں میں عارضی بنیادوں پر تعینات کردہ ملازمین کو گزشتہ ایک سال سے تنخواہوں کی ادائیگی نہیں کی جارہی جس سے نہ صرف یہ ملازمین معاشی مالی بحران کا شکار ہیں بلکہ بلدیاتی اداروں میں صفائی کا نظام بھی بُری طرح متاثر ہے۔

(ب) اگر جزو الف کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت ان غریب کو تنخواہوں کی ادائیگی کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ بلدیاتی اداروں میں صفائی کا نظام متاثر نہ ہو تفصیل دی جائے اگر جواب نفی میں ہے تو وجہ بتلائی جائے۔

سیکرٹری

بلوچستان صوبائی اسمبلی

4/اکتوبر 2019، کوئٹہ۔